سوال نمبر:5240

منجانب۔ مفتی سید جانان صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ حکومت ہر سال تدریسی کتب چھپاتی ہے جس پر خزانے سے کافی خرچہ آتا ہے؟	جی ہاں۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت مذکورہ کتب کا کافی حصہ صوبہ پنجاب سے چھپواتی ہے؟	خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ KPPRA رولز کے مطابق بذریعہ قومی اخبارات کتابوں کی چھپائی مشتہر کرتی ہے جس میں ملک بھر سے پرنٹنگ فرمز سے سربمہر ٹینڈر منگوائے جاتے ہیں اور صرف کامیاب ٹینڈر دہندگان سے کتابیں چھپوائی جاتی ہیں۔
(ج)	اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت اپنے صوبے کو چھوڑ کر پنجاب سے کیوں کتابوں کی چھپائی کرتی ہے وجہ بتائی جائے۔	چونکہ KPPRA رولز کے مطابق ملک بھر کے پرنٹنگ فرمز بشمول خیبر پختونخوا کے پرنٹنگ فرمز، کو ٹینڈر میں شرکت کے یکساں مواقع میسر ہوتے ہیں۔ اس لئے دیگر صوبوں اور علاقوں کے پرنٹنگ فرمز بھی ٹینڈر مقابلے میں حصہ لیتے ہیں اور کامیاب ٹینڈر دہندگان کو بلا کسی علاقائی رصوبائی تفریق کے چھپائی کا کام دیا جاتا ہے۔